© rasailojaraid.com



# مسافرانِ آخرت

گزشتہ چند مہینوں میں درج ذیل حضرات اور خواتین انتقال کر گئے۔ احباب احرار اور قارئین سے درخواست ہے کہ ان کے لئے ایصالِ ثواب اور دعاءِ مغفرت کا اہتمام فرمائیں۔ اراکینِ ادارہ بھی دعاء مغفرت کرتے ہیں اور پسماندگان سے اظہار ہمدردی و تسلی اور دعاء کرتے ہیں۔ حق تعالیٰ تمام مرحومین کی مغفرت فرمائے۔ اور پسماندگان کو صبر عطاء فرمائے۔ (آمین)

* حضرت مولانا عبید اللہ صاحب رحمہ اللہ (خطیب جامع مسجد ریواز گارڈن لاہور) شیخ الحدیث حضرت مولانا عبد اللہ رائے پوری رحمہ اللہ کے فرزند ارجمند۔
* محترم حافظ لدھیانوی رحمہ اللہ: ملک کے مایہ ناز نعت گو اور ہمارے قدیم مہربان (فیصل آباد)
* شیخ محمد حق نواز مرحوم: ہمارے رفیق فکر محترم شیخ حبیب الرحمٰن بٹالوی کے بہنوئی (گوجرانوالہ ۲۱، اکتوبر ۱۹۹۹ء)
* محترم حافظ محمد اکرم احرار (نعت خواں) کی خوشدامن صاحبہ (میراں پور میلسی ۲۷، ستمبر ۱۹۹۹ء)
* محترم شیخ رفیق الرحمٰن کی تائی صاحبہ (چیچاوطنی، ۲۵ جون ۱۹۹۹ء)

## حضرت سید عطاء المحسن بخاری مدظلہ کے لئے دعاءِ صحت

ابنِ امیر شریعت، امیر احرار، حضرت سید عطاء المحسن بخاری دامت برکاتہم گزشتہ دس ماہ سے علیل ہیں۔ درمیان میں ان کی صحت بہتر بھی ہو گئی مگر پھر مرض کا حملہ شدید ہو گیا۔ ۲۴، اکتوبر ۱۹۹۹ء کو انہیں شدید علالت کی وجہ سے نشتر ہسپتال ملتان میں داخل کر دیا گیا۔ وہ محترم ڈاکٹر محمد علی صاحب کے زیر علاج ہیں۔ احبابِ احرار اور قارئین کرام سے درخواست ہے کہ حضرت شاہ جی کی صحت یابی کے لیے خصوصی دعاؤں کا اہتمام فرمائیں۔ حضرت شاہ جی مدظلہ، حضرت امیر شریعت کی نشانی، اپنے خاندان کے بزرگ اور مجلس احرارِ اسلام کی متاعِ عزیز ہیں۔ احرار کی بقا انہی کے دم قدم اور جہدوایثار کا ثمر ہے۔ انہوں نے بقاء احرار کے لیے اپنی تمام توانائیاں صرف کی ہیں اور اپنے اسلاف کے کردار کو زندہ رکھا ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں صحتِ کاملہ عطاء فرمائیں تاکہ احرار کارکن ان کی قیادت و سیادت میں تبلیغ دین اور اقامت حکومت الٰہیہ کا فریضہ پوری قوت اور آب و تاب کے ساتھ انجام دے سکیں۔ آمین۔ (مدیر)

© rasailojaraid.com